AQA

# GCSE URDU

F

Foundation Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Tuesday 16 May 2023 Afternoon Time allowed: 35 minutes approximately
(including 5 minutes' reading time before the test)

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

**The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.

- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A**, answer the questions in **English**. In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- You must answer **all** the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **Ask any questions now. You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the test has started, the invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

*If candidates ask any questions at this point, the invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

**Section A**

Questions and answers in **English**

**0 1** **F1** میں بڑی ہو کر ڈاکٹر نہیں اُستانی بننا چاہتی ہوں۔

**0 2** **M1** میں پرائمری اسکول کی بجائے کسی دفتر میں کام کروں گا۔

**0 3** **F1** میں پہلے پیار محبت والی فلمیں دیکھنا پسند کرتی تھی لیکن اب مجھے مزاحیہ فلمیں اچھی لگتی ہیں۔

**0 4** **M1** اگرچہ میں انگریزی اور پاکستانی کھانے بڑے شوق سے کھاتا ہوں لیکن مجھے وہ پاکستانی کھانے زیادہ پسند ہیں جن میں کم مصالحے ہوتے ہیں۔ مجھے میٹھے کھانے پسند ہیں کیونکہ ان میں چینی اور گھی زیادہ ہوتا ہے۔

**0 5** **F1** میں گاؤں میں رہنا چاہتی ہوں جہاں پر زیادہ شور نہ ہو۔

**0 6** **M1** میں شہر میں رہنا چاہتا ہوں جہاں پر بڑی بڑی عمارتیں ہوتی ہیں۔

**0 7** **M2** میں دریا کے نزدیک رہنا پسند کرتا ہوں کیونکہ مجھے مچھلیاں پکڑنا پسند ہے۔

**0 8** **M1** میرا نام ماجد ہے، میرے خیال میں چیرٹی کے لیے کام کرنا اچھا ہے اور میں پرانے کپڑے جمع کرنے میں اُن کی مدد کرنا چاہتا ہوں اور تم شازیہ؟

**F1** میں فوڈ بینک کے لیے کھانے کی چیزیں دوں گی۔

**0 9** **M2** میں جب چھوٹا تھا تو میں ایک استاد بننا چاہتا تھا لیکن اب میں کھانے پکانے کا کام کرتا ہوں اور تم مریم؟

**F2** میری امی ایک دکان میں کام کرتی ہیں اور میں ایک نرس بننا چاہتی ہوں۔

1 0 F1 احمد :آپ ماحول کو صاف رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہتے ہیں؟

M1 میں لوگوں کے ساتھ مل کر اپنے علاقے کی صفائی کرنا چاہتا ہوں۔

1 1 F1 احمد:آپ کا خاندان ماحول کو صاف کرنے کے لیے کیا کرتا ہے؟

M1 میری بہن پرانی چیزیں جمع کرتی ہے اور اُنہیں ٹھیک کر کے بیچتی ہے۔ اس سے جو پیسے ملتے ہیں وہ چیرٹی کو دے دیتی ہے۔

1 2 F1 احمد: آپ کا اسکول ماحول کو بہتر کرنے کے لیے کیا کرتا ہے؟

M1 میرے اسکول میں کھانے کی کوئی چیز زمین پر نہیں پھینک سکتے کیونکہ ایسا کرنے پر بچوں کو اسکول میں کچرا اٹھانا پڑتا ہے۔

1 3 F1 میرے اسکول میں ایک لائبریری اور ایک کھانے کا ہال بھی ہے لیکن مجھے کھیل کا میدان سب سے زیادہ پسند ہے۔

1 4 F1 میرے اسکول میں کھانے کے وقفے میں موسیقی نہیں سکھائی جاتی اس لیے میں چھٹی کے بعد ایک اُستانی سے گھر پر موسیقی سیکھتی ہوں۔

1 5 F2 میرے اسکول کی عمارت بڑی اور پرانی ہے لیکن یہ مجھے اس لیے پسند ہے کیونکہ یہ صاف ہے۔

1 6 F1 اسکول کا یونیفارم پہننے سے امیر اور غریب کا فرق ختم ہو جاتا ہے لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس کے رنگ اچھے نہیں ہوتے۔

1 7 M1 اسکول یونیفارم پہننے سے پتا چلتا ہے کہ آپ کا تعلق کس اسکول سے ہے لیکن آپ کے کپڑوں کا فیصلہ کوئی اور کرے کہ آپ کو کیا پہننا ہے یہ اچھی بات نہیں ہے۔

Turn over ▶

18 F1 جب میں چھوٹی تھی تو میں اُستانی بننا چاہتی تھی۔ اب میرے والدین چاہتے ہیں کہ میں ایک ڈاکٹر بنوں لیکن میں تو وکیل بننا چاہتی ہوں۔ وکیل کی نوکری میں تجربے کی بجائے یہ ضروری ہے کہ آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ بات چیت کر سکیں۔ مجھے پیسہ کمانے اور مشہور ہونے کا کوئی شوق نہیں ہے میں تو لوگوں کی مدد کرنا چاہتی ہوں۔

19 F1 میں فرزانہ ہوں۔ میں عموماً ایسے ہوٹل میں ٹھہرنا چاہتی ہوں جو پہاڑی علاقے میں ہو تاکہ میں پورے شہر کا نظارہ کر سکوں۔

M1 میں سلیم ہوں۔ میں چھٹیوں میں ایسے ہوٹل میں ٹھہرتا ہوں جو شہر کے مرکز میں ہو جہاں سے میں تاریخی عمارتوں کی سیر پیدل چل کر کر سکوں۔

F2 میں مریم ہوں۔ میں چھٹیوں میں ساحل سمندر کے نزدیک ہوٹل میں ٹھہرتی ہوں تاکہ میں ٹھنڈی ریت پر چل کر اس کا مزہ لے سکوں۔

20 F1 پچھلے ہفتے مجھے سائیکل چلانے میں بہت مزہ آیا لیکن اس ہفتے برف باری کی وجہ سے پیدل چلنے میں مشکل ہو رہی ہے۔ اگلے ہفتے میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ فلم دیکھنے جاؤں گی۔

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

| | | |
|---|---|---|
| 2 1 | M1 | میں نے اپنی پچھلی سالگرہ ایک ریسٹورنٹ میں اپنے دوستوں کے ساتھ منائی ۔مجھے بہت مزہ آیا کیونکہ ریسٹورنٹ کا ماحول بہت اچھا تھا۔ انگریزی موسیقی کی بجائے پاکستانی موسیقی سُننے کا موقع ملا۔ اگرچہ میٹھے کھانے مجھے اچھے نہیں لگے لیکن بریانی مجھے بہت پسند آئی۔ میرے دوستوں نے میری مرضی کے خلاف ریسٹورنٹ کا سارا بل دے دیا۔ میں اپنی اگلی سالگرہ ریسٹورنٹ کی بجائے گھر پر منانا پسند کروں گا۔ |
| 2 2 | F1 | آج کل کے زیادہ تر نوجوان سوشل میڈیا کا استعمال پڑھائی یا اسکول کے کام کی بجائے تفریح کے لیے کرتے ہیں۔ |
| | M1 | میرا خیال ہے کہ زیادہ تر نوجوان سوشل میڈیا کا استعمال خریداری کی بجائے کسی بارے میں اپنی رائے دینے کے لیے کرتے ہیں جو کہ اچھی بات ہے۔ |
| 2 3 | M1 | میری پسندیدہ کھیلوں کی شخصیت شاہد آفریدی ہیں جو کہ ایک بہت اچھے کھلاڑی ہیں لیکن وہ ہر بال پر چھکا لگانے کی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے بعض اوقات وہ پہلی بال پر ہی آؤٹ ہو جاتے ہیں۔ اور تمہارا کیا خیال ہے عالیہ؟ |
| | F1 | اگرچہ وہ ایک اچھے بالر نہیں ہیں لیکن فاسٹ بالر کی طرح تیز گیند پھینک سکتے ہیں جس کی وجہ سے کھیلنے والوں کو مشکل ہو تی ہے۔ |

**END OF TEST**

**There is no text printed on this page**

**There is no text printed on this page**

**There is no text printed on this page**

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2023 AQA and its licensors. All rights reserved.